* قرآن حکیم کی چند پیش گوئیاں
* مسیحی بھائیوں کو حقیقی نجات کا پیغام
* نیا عہد نامہ قرآن مجید ہے نہ کہ انجیل

یہ تینوں پمفلٹ جناب عبداللطیف ڈسکوی کی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ ۴۸ صفحات کے پہلے پمفلٹ میں انہوں نے قرآن مجید کی بعض پیش گوئیوں پر روشنی ڈالی ہے جو "ہو بہو اسی طرح اس وقت [یعنی وقت نزول قرآن] سے پوری ہو رہی ہیں اور قیامت تک پوری ہوتی رہیں گی۔" ان میں سے بعض پیش گوئیوں کو انہوں نے بائبل کی روشنی میں بھی دیکھا ہے۔

۳۲ صفحوں کے دوسرے پمفلٹ میں انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے بارے میں پہلے انبیاء علیہم السّلام کی پیش گوئیوں کا ذکر کیا ہے جو "کتاب مقدّس" میں موجود ہیں۔

۵۰ صفحات کے تیسرے پمفلٹ کا موضوع نام سے واضح ہے۔ مؤلف نے یہ ثابت کیا ہے کہ "تورات کے بعد شریعتِ کاملہ قرآن مجید ہے جو شریعتِ موسوی کے بعد نازل ہوئی گا باقی زبور صرف حمد و ثنا اور مناجات کا مجموعہ ہے اور انجیل مقدّس تورات کا تکملہ اور ضمیمہ ہے۔ مستقل شریعت نہیں۔"

پمفلٹوں کی زبان داعیانہ ہے اور خلوص و محبت سے لکھے گئے ہیں، کہیں کہیں لہجے میں سختی آ گئی ہے، کاش یہ بھی نہ ہوتی تو زیادہ مفید ہوتا، البتہ کتابت کی اغلاط کھٹکتی ہیں۔ تینوں پمفلٹ معمولی کتابت اور کاغذ پر شائع ہوئے ہیں تاہم دعوتی کتابوں کا اس سے کہیں زیادہ خوبصورت اور جاذبِ نظر ہونا ضروری ہے۔ پمفلٹ "قرآن حکیم کی چند پیش گوئیاں" اسلامی مشن - سنت نگر لاہور نے شائع کیا ہے۔ باقی دو پمفلٹ جناب مؤلف نے جامع مسجد خضراء، نزد گراؤنڈ گورنمنٹ کرسچن اسکول، ڈسکہ (ضلع سیالکوٹ) کی جانب سے چھاپے ہیں۔ قیمت صرف آخرالذکر پمفلٹ پر درج ہے اور وہ پانچ روپے ہے۔

ان پمفلٹوں کا مطالعہ اسلام اور عیسائیت کا تقابلی مطالعہ کرنے والوں کے لیے مفید ہوگا۔ امید ہے مسیحی حلقوں میں بھی پڑھے جائیں گے۔ مؤلف نے ایک دو جگہ لکھا ہے کہ "آج برطانیہ میں ہزاروں مساجد تعمیر ہو چکی ہیں۔" (قرآن حکیم کی چند پیش گوئیاں، ص ۲۵، نیز ص ۲۷) اس میں کوئی شبہ نہیں کہ برطانیہ میں مساجد کی تعداد بڑھ رہی ہے مگر ان کی تعداد ابھی ہزاروں تک نہیں پہنچی۔ (ادارہ)